Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: الف۔ درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (5x1=5)

(i) اس شعر کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟ اِن میں دیکھا جو ماجرا دیکھا کیا بتائیں کسی سے، کیا دیکھا

الف۔ مقطع ب۔ مطلع ج۔ حسنِ مطلع د۔ مطلع ثانی

(ii) ''ماہِ کمال'' کیا ہے؟

الف۔ مرکب اضافی ب۔ مرکب جاری ج۔ مرکب توصیفی د۔ مرکب عطفی

(iii) لگتا نہیں ہے جی میرا اُجڑے دیار میں کس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

اس شعر میں 'دیار، ناپائیدار' قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟

الف۔ قافیہ ب۔ ردیف ج۔ روزمرہ د۔ محاورہ

(iv) ''خطابانہ'' کیا ہے؟

الف۔ کلمہ موصوف ب۔ کلمہ صفت ج۔ اسم مصدر د۔ اسم مشتق

(v) ''بہادر شاہ ظفر'' میں لفظ 'ظفر' قواعد کی رُو سے کیا ہے؟

الف۔ خطاب ب۔ کنیت ج۔ تخلص د۔ لقب

ب۔ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (10x1=10)

(i) شاعری کی صنف رباعی میں کتنے مصرعوں کا ہونا لازمی شرط ہے؟

الف۔ چار ب۔ پانچ ج۔ چھ د۔ سات

(ii) شامل نصاب حمد کس نے لکھی ہے؟

الف۔ الطاف حسین حالی ب۔ بہزاد لکھنوی ج۔ عاصی کرنالی د۔ بے نظیر شاہ

(iii) میر درد کے خیال میں کس میں عجب رنگ و بُو ہے؟

الف۔ دنیا میں ب۔ گُلِ دوستی میں ج۔ نیکی میں د۔ عبادت میں

(iv) آموں کے موسم میں بہادر شاہ ظفر کے ساتھ سیر کے دوران بار بار آموں کی طرف کون دیکھے جا رہا تھا؟

الف۔ ملکہ عالیہ ب۔ استاد ابراہیم ذوق ج۔ فضل حق خیر آبادی د۔ مرزا غالب

(v) آب دوز میں روشنی کے لیے کیا استعمال کی جاتی ہیں؟

الف۔ برقی بیٹریاں ب۔ لالٹینیں ج۔ شمعیں د۔ مشعلیں

(vi) خواجہ حسن نظامی کے خط میں بیٹی کو کس بات کی نصیحت کی گئی ہے؟

الف۔ بناؤ سنگھار کی ب۔ گرہستی کی ج۔ نماز روزے کی د۔ پڑھنے لکھنے کی

(vii) پہلی جنگِ عظیم سے قبل لیبیا پہ کس کی حکومت تھی؟

الف۔ برطانیہ ب۔ امریکہ ج۔ سعودی عرب د۔ ترکی

(viii) اصغری اپنے میاں کو کس چیز سے باز رکھنے کا سوچ رہی تھی؟

الف۔ انار پٹاخوں سے ب۔ شور شرابے سے ج۔ فضول خرچی سے د۔ کنجوسی سے

(ix) درسی کتاب میں علامہ اقبال کی کون سی نظم شامل ہے؟

الف۔ حمد ب۔ پہاڑ اور گلہری ج۔ پھول کی فریاد د۔ آمدِ بہار

(x) سبق 'امن کا پیغام' کس نے لکھا ہے؟

الف۔ سید سلیمان ندوی ب۔ سرسید احمد خان ج۔ ڈپٹی نذیر احمد د۔ مولوی عبدالحق

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____

12

# اُردو سلیس   ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے    کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 37)

سوال نمبر ۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) طالب علم اپنے وطن کی خدمت کس طرح کر سکتے ہیں؟

(ii) سرسید احمد خان نے تعصب کے کیا نقصانات بتائے ہیں؟

(iii) نظام دکن نے محمد بہادر خان کو بہادر یار جنگ کا خطاب کیوں دیا؟

(iv) اردو زبان نے کن کن زبانوں کا اثر قبول کیا؟

(v) گلہری نے پہاڑ کو کیا جواب دیا؟ (بحوالہ نظم 'پہاڑ اور گلہری')

(vi) نعت کیسی نظم کو کہتے ہیں؟

(vii) بہادر شاہ ظفر نے اپنی شاملِ نصاب غزل میں 'دو گز زمیں' سے کیا مراد لی ہے؟

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے: (5)

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) دردناک | (ii) اخلاق | (iii) اداس | (iv) بے جگری |
| (v) کندن بننا | (vi) نظر نظر | (vii) شگاف | |

ج۔ (i) درج شُدہ کے جمع بنائیں: طرف ، لفظ ، نور (3)

(ii) درج شُدہ کے متضاد لکھیں: غربت ، ماضی ، روشنی (3)

(iii) درج شُدہ کے مترادف لکھیں: ملال ، تمنا ، عکس (3)

(iv) درج شُدہ الفاظ کے ہم قافیہ بنائیں: وطن ، جاری ، سردی (3)

(v) درج شُدہ الفاظ سے صفت بنائیے: بے باک ، جاگیر ، خطاب (3)

د۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: (4)

دولت ، تنکا ، وادی ، دیس

ہ۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے درست اور غلط کی نشان دہی کریں۔ (3)

(i) قدیم آریہ، وسط ایشیاء کے باشندے تھے۔

(ii) برج بھاشا، پراکرت کی بدلی ہوئی شکل ہے۔

(iii) ترکی زبان میں اُردو، لشکر کو کہتے ہیں۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 23)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ بہت سی قومیں ہیں جو اپنے تعصب کے باعث تمام باتوں میں، کیا اخلاق میں اور کیا علم و ہنر میں اور کیا فضل و دانش میں اور کیا تہذیب و شائستگی میں اور کیا جاہ وحشمت اور مال و دولت میں، اعلیٰ درجے سے نہایت پست درجے، مذلت وخواری کو پہنچ گئی ہیں اور بہت قومیں ہیں جنھوں نے اپنی بے تعصبی سے ہر جگہ اور ہر قوم سے اچھی اچھی باتیں اخذ کیں اور ادنیٰ درجے سے ترقی کے اعلیٰ سے اعلیٰ درجے پر پہنچ گئیں۔

ب۔ حُورخانم، ذرا لینا۔ اس خط کو جلدی سے پڑھو پھر تم کو کھیل سے فرصت نہ ملے گی اور میں اپنے کام میں لگ جاؤں گا۔ بیٹی اگر میں یہ سنوں کہ تم نے لکھنا ناغہ نہیں کیا تو جی کیسا باغ باغ ہو۔ مگر یہ امید کہاں ہے جب تک میں تقاضا نہ کروں تو تم کب خیال کرتی ہو۔ میری حُور رو، پڑھو تو اپنے شوق سے پڑھو۔ لکھو تو اپنے شوق سے لکھو۔

سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ کیا خطا تھی میری، ظالم تو نے کیوں توڑا مجھے
کیوں نہ میری عمر ہی تک شاخ میں چھوڑا مجھے
جانتا گر اس ہنسی کے دردناک انجام کو
میں ہوا کے گُدگدانے سے نہ ہنستا نام کو

ب۔ نظر میں مدینہ ہے دل میں مدینہ
بڑے لطف کا ہے یہ حال اللہ اللہ
ہر اِک شے میں پاتا ہوں رنگ محبت
ہے طیبہ کا جب سے خیال اللہ اللہ

سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
بلبل سے کوئی شکوہ نہ صیاد سے گلہ
قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

ب۔ ہم نے غیرت کو بھی کرم سے ترے
بارہا محوِ التجا دیکھا
حال میرا خراب ہے کہ نہیں
آج تو آپ نے بھی آ دیکھا

سوال نمبر۶: درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں: (5)

الف۔ پاک وطن، اے پاک وطن

ب۔ جاڑے کی بہاریں

---- 2SA 1906 ----